28.06.2025

13.50 Hrs

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .......... محمد عمار

1- وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ بھارت کو اپنی میراث اور ترقی کی ہم آہنگی کے ساتھ آگے بڑھنا چاہئے۔ انھوں نے ملک کے عوام پر زور دیا کہ وہ نوآبادیاتی سوچ کو چھوڑ دیں۔

2- مہاندی کول فیلڈ اڈیشہ میں دو نئی کوئلہ کانیں کھولنے کے لیے تیار ہے، جن کی صلاحیت ساڑھے تین کروڑ ٹن ہوگی۔

3- امریکہ نے کینیڈا کے ساتھ بات چیت منقطع کردی ہے۔ نئے محصول کا جلد اعلان کیا جائے گا۔

4- بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی نے کہا ہے کہ اسرائیل اور ایران کے درمیان 12 روزہ لڑائی کے بعد بھی خلیج کے خطے میں تابکاری کی سطح معمول کے مطابق ہے۔

5- بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی Ayush Shetty اور Yanvi شرما امریکی اوپن بیڈمنٹن میں مردوں اور خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

6- اور 19 سال تک کی عمر کے کرکٹ کھلاڑیوں کے پہلے ایک روزہ میچ میں hove میں بھارت نے انگلینڈ کو6 وکٹ سے ہرا دیا۔

-----------------------------

Rev Day PM Acharia

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ بھارت ہزاروں سال سے اپنے آفاقی نظریات، فلسفے اور حکمت کی وجہ سے لازوال ہے۔ نئی دلّی میں آچاریہ ودیانند جی مہاراج کی صدسالہ تقریبات کا افتتاح کرتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ بھارت دنیا کی سب سے قدیم زندہ تہذیب ہے اور یہ لازوال فلسفہ ملک کے باباؤں، گروؤں، سنتوں اور آچاریوں میں پنہاں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آچاریہ ودیانند مونی اس قدیم بھارتی روایت کے جدید مینار ہیں۔ انہوں نے کہاکہ آچاریہ شری ودیانند جی نے اپنی زندگی کو محض روحانی ریاضت تک محدود نہیں رکھا، بلکہ اسے معاشرے اور ثقافت کی تعمیر کا ایک طاقتور وسیلہ بنایا۔

جناب مودی نے کہاکہ ملک کو ترقی اور میراث دونوں کو اپناتے ہوئے آگے بڑھنا چاہیے۔ انہوں نے کہاکہ اِس عزم کے ساتھ حکومت ملک کے ثقافتی اور مذہبی مقامات کو ترقی دے رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہاکہ مرکزی حکومت نے پراکرت کو کلاسیکی زبان کا درجہ دیا ہے اور بھارت کے قدیم مخطوطات کو ڈیجیٹل بنانے کی مہم بھی چلا رہی ہے۔

PM on Edu and Culture

جناب مودی نے کہاکہ بھارت خدمت اور انسانیت کے تئیں پوری طرح وقف ہے۔ انہوں نے کہاکہ دنیا نے ہزاروں سال تک تشدد کو تشدد کے ساتھ روکنے کی کوشش کی جبکہ بھارت نے عدم تشدد کے طاقت کو متعارف کرایا۔ وزیراعظم نے کہاکہ بھارت نے انسانیت کو خدمت کو سب سے مقدم رکھا۔

انہوں نے کہاکہ پی ایم آواس یوجنا، جَل جیون مشن، آیوشمان بھارت یوجنا ہو یا ضرورتمند افراد کیلئے مفت میں راشن کی فراہمی، حکومت کے یہ تمام اقدامات معاشرے میں قطار میں کھڑے آخری شخص تک کیلئے سیوا بھاؤ کے جذبے کو ظاہر کرتے ہیں۔

اپنے خطاب میں ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہاکہ روحانی غور و فکر سے لے کر عالمی جغرافیائی اور سیاسی انتشار تک، آچاریہ شری ودیانند جی مہاراج کی زندگی کا فلسفہ آج بھی معنویت کا حامل ہے۔ اس موقع پر خصوصی ڈاک ٹکٹ اور ایک یادگاری سکہ بھی جاری کیا گیا۔

اس پروگرام کے ذریعے قومی سطح پر ایک سال تک جاری رہنے والی تقریبات کا باقاعدہ آغاز کیاگیا، جس کا اہتمام حکومت نے بھگوان مہاویر آہنسا بھارتی ٹرسٹ کے تعاون سے آچاریہ ودیانند جی مہاراج کے 100ویں یوم پیدائش کے موقع پر کیا ہے۔

وہ ایک قابل احترام جین روحانی رہنما اور سماجی مصلح تھے۔ سال بھر جاری رہنے والی ان تقریبات میں ملک بھر میں ثقافتی، ادبی، تعلیمی اور روحانی اقدامات شامل ہوں گے، جن کا مقصد ان کی زندگی اور وراثت کا جشن منانے اور ان کے پیغام کی تشہیر کرنا ہے۔ آچاریہ ودیانند جی مہاراج نے جین فلسفے اور اخلاقیات پر 50 سے زیادہ کتابیں تحریر کیں۔ انہوں نے ملک بھر میں قدیم جین مندروں کی باز آبادکاری اور بحالی میں اہم کردار ادا کیا اور خاص طور پر پراکرت، جین فلسفے اور کلاسیکی زبانوں میں تعلیم کے لیے کام کیا۔x

PM Narsimha Rao

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیر اعظم آنجہانی پی وی نرسمہا راؤ کے یوم پیدائش پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ بھارت کی ترقی میں جناب راؤ کے اہم کردار کو یاد کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہاکہ بھارت کے ترقیاتی سفر کے اہم مرحلے کے دوران پی وی نرسمہا راؤ کی با اثر قیادت کیلئے ملک اُن کا شکر گزار ہے۔

انہوں نے مزید کہاکہ جناب راؤ کی ذہانت، دانشمندی اور علمی شخصیت کو وسیع پیمانے پر سراہا جاتا ہے۔x

New Coal Mines

Coalانڈیا کی معاون کمپنی Mahanadi کول فیلڈ لمیٹڈ MCL اوڈیشہ میں دو نئی کوئلہ کانیں کھولنے کے لیے تیار ہے اور اِن دونوں کانوں سے مجموعی طور پر 3 کروڑ پچاس لاکھ ٹن کوئلہ نکالا جاسکے گا۔ MCL کے چیئرمین اور انتظامی ڈائرکٹر Uday A Kaole نے اوڈیشہ میں کمپنی کے صدر دفتر سمبل پور میں ایک پریس کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔

MCLکے مطابق Subhadra کان سے 2025-26 مالی سال کے آخر تک سالانہ ڈھائی کروڑ ٹن کوئلہ نکالا جاسکے گا۔ Balbhaadra کان میں 2029-30 کے مالی سال تک کوئلے کی پیداوار شروع ہوگی، جو سالانہ ایک کروڑ ٹن ہوگی۔x

WB Gang Rape Update

مغربی بنگال میں پولیس نے کولکاتہ کے Law Collage میں اجتماعی عصمت دری کے معاملے میں ایک سیکورٹی گارڈ کو حراست میں لیا ہے، جسے آج عدالت میں پیش کیا جارہا ہے۔

اِس سے پہلے کولکاتہ پولیس نے دو موجودہ طلبہ اور سابق طالب علم کو گرفتار کیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ ملزمان کا تعلق  مغربی بنگال میں حکمراں ترنمول کانگریس سے ہے۔ تینوں ملزمان کو منگل تک پولیس تحویل میں دے دیا گیا ہے۔

حزب اختلاف نے آج اِس واقعے پر کولکاتہ میں احتجاج کا اہتمام کیا ہے۔x

Punjab Child Abuse

پنجاب پولیس کے سائبر جرائم ڈویژن نے مختلف آن لائن پلیٹ فارمز کا استعمال کرتے ہوئے بچوں کے جنسی استحصال اور بچوں کے ساتھ بدسلوکی کرنے والے مواد CSEAM دیکھنے، نیز اِس مواد کی ترسیل اور تقسیم میں ملوث دو افراد کو گرفتار کیا ہے جبکہ اِس میں ملوث 33 مشتبہ افراد کی شناخت کی ہے۔

مرکزی وزارت داخلہ کے بھارتی سائبر جرائم کوآرڈینیشن سینٹر (14C) کی جانب سے قابل تعزیر خصوصی سراغ ملنے کے بعد پنجاب کے 18 اضلاع کے 40 مقامات پر ایسے لوگوں کو پکڑنے اور ان کی شناخت کرنے کی کارروائی شروع کی گئی ہے۔x

US Canada Trade Talks

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہاہے کہ انہوں نے کناڈا کے ساتھ تجارتی مذاکرات ختم کردیے ہیں اور اب وہ کناڈا کیلئے محصول کی ایک نئی شرح کا جلد ہی اعلان کریں گے۔

یہ تازہ ترین پیش رفت، جس کا اعلان انہوں نے  سوشل میڈیا Truth Social پر کیا، ایسے وقت میں ہوئی ہے جب پڑوسی ممالک جولائی کے وسط تک ایک تجارتی معاہدے پر اتفاق کرنے کے تئیں کام کر رہے تھے۔

اس سال کے اوائل میں ٹرمپ نے ایک تجارتی جنگ چھیڑی تھی اور معاشی طاقت کا استعمال کرتے ہوئے کناڈا کے الحاق کی دھمکی دی تھی، جس کے بعد دونوں ملکوں نے ایک دوسرے کی اشیا پر محصولات نافذ کردیے۔

گزشتہ برس قانون نافذ کیے جانے کے بعد سے، کناڈا کا تین فیصد ڈیجیٹل خدمات ٹیکس، امریکہ کے ساتھ اس کے تعلقات میں ایک اہم نقطہ رہا ہے۔ اس ٹیکس کا نفاذ پیر کے دن سے ہوگا۔x

IAEA IRAN Nuclear

بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ڈائرکٹر جنرل Rafael Mariano Grossi نے کہا ہے کہ اسرائیل اور ایران کے درمیان 12 روزہ لڑائی کے بعد خلیج کے خطے میں تابکاری کی سطح معمول کے مطابق ہے، جبکہ اسرائیل نے ایران میں کئی ایٹمی سہولیات کو بری طرح نقصان پہنچایا تھا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ایجنسی کے ساتھ تحفظات سے متعلق جامع سمجھوتے کے تحت بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے انسپکٹر ایران میں معائنے اور تصدیق کا کام انجام دیتے رہیں گے۔x

Yemen Attackes Israel

ایران میں، آج اسلامی انقلابی گارڈ کور IRGC کے کمانڈروں، فوجیوں، نیوکلیائی سائنس دانوں اور شہریوں کے لیے جنازے کی سرکاری تقریب منعقد کی گئی، جو اسرائیل کے ساتھ 12 روزہ جنگ کے دوران ہلاک ہوئے تھے۔

راجدھانی تہران میں آزادی Street پر ہزاروں سوگوار جنگ کے دوران ہلاک ہونے والے 60 شہریوں کے جنازے میں شریک ہونے کے لیے پہنچے۔

اسرائیلی دفاعی افواج کی جارحیت کے نتیجے میں ایران کے IRGC کے سربراہ Hossein Salimi، ایرو اسپیس فورس کے ایک کمانڈر، ایک اعلیٰ جنرل اور دیگر ہلاک ہوئے ہیں۔x

Punjab Weather

پنجاب میں جنوب مغربی مانسون کے پہنچنے کے بعد مختلف مقامات پر بارش ہوئی ہے۔ اِس سے شدید گرمی سے لوگوں کو بڑی راحت ملی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اگلے دو سے تین روز کے دوران جنوب مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کیلئے حالات سازگار رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِس دوران آج ریاست کے متعدد علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ اوسط بارش کا امکان ہے۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے اگلے دو سے تین دن کے دوران جنوب مغربی مانسون کے ملک کے باقی حصوں میں پہنچنے کیلئے موسم کے سازگار رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ IMDکے مطابق اگلے سات دن کے دوران ملک کے شمال مغربی، وسطی، مشرقی اور شمال مشرقی علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔x

Rajasthan Road Accident

راجستھان کے Dausa میں گزشتہ رات Jaipur-Agra قومی شاہراہ-21 پر ہونے والے ایک سڑک حادثے میں کار میں سفر کر رہے چار افراد ہلاک ہوگئے۔ مہلوکین میں تین خواتین ہیں۔

یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب تیز رفتار کار ایک ٹرک سے ٹکراگئی۔ تمام مہلوکین ہریانہ کے روہتک ضلع کے رہائشی تھے۔x

Badminton

یو ایس اوپن 2025 بیڈمنٹن میں نوجوان بھارتی کھلاڑی Tanvi Sharma اور Ayush Shetty آج صبح امریکہ کے Iowa میں Mid-America سینٹر میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔

خواتین کے سنگلز میچ میں Tanvi نے ملیشیا کی اپنی حریف کھلاڑی Letshanaa Karupathevanکو اکیس-تیرہ، اکیس-سولہ سے شکست دی، جبکہ مردوں کے سنگلز میں Ayushنے چینی تائپے کے کھلاڑی Kuo Kuan-lin کو بائیس-بیس، اکیس-نو سے ہرایا۔ اب سیمی فائنل میں تنوی شرما کا مقابلہ یوکرین کی کھلاڑی Polina Buhrova سے جبکہ آیوش شیٹی کا سامنا چینی تائپے کے کھلاڑی Chou Tien Chen سے ہوگا۔x

Cricket Under 19

کَل Hove میں County گراؤنڈ میں 19 سال تک کی عمر کے نوجوانوں کے پہلے ایک روزہ میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو چھ وکٹ سے ہرادیا۔

میزبان انگلینڈ نے پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور اُس کی پوری ٹیم محض 174رَن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ Rocky Flintoff نے سب سے زیادہ 56 رن بنائے۔

بھارت کی طرف سے Kanishk چوہان نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، جبکہ enilپٹیل، آر ایس Ambrishاور محمد Enaan نے دو دو وکٹ لیے۔ بھارت کی ٹیم کے کپتان آیوش مہاتِرے نے جیت کا نشانہ 24 اوور میں ہی حاصل کرلیا، جبکہ اُس کے چھ کھلاڑی باقی تھے۔

ویبھو سوریہ ونشی نے شاندار بازی کھیلی اور انھوں نے 19 گیندوں میں 48 رَن بنائے۔x

FIH Hockey- India China

FIHپرولیگ 2024-25 میں، برلن میں آج شروع ہونے والے فیصلہ کن ڈبلز header میں بھارت کی خواتین ٹیم کا مقابلہ اپنے ایشیائی حریف چائنا سے ہوگا۔ یہ مقابلہ شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔ پوائنٹس کی فہرست میں چائنا سردست چوتھے جبکہ بھارت آخری نمبر پر ہے۔ Salima Teteکی قیادت والی بھارتی ٹیم جیت کے ساتھ اپنی مہم کا اختتام کرنے کی کوشش کرے گی۔

اس تناظر میں، کیپٹن Salima Tete نے کہاکہ ڈبل header بھارت کے لیے بہت اہم ہے لیکن ہم بھارت کی مردوں کی ٹیم سے تحریک حاصل کریں گے جس نے بیلجیئم کے خلاف جیت کے ساتھ اپنی مہم کا اختتام کیا۔x